**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 01.07.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | سفارش اور اقرباء پروری کے خاتمہ میں آفیسرز کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں، گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | سینیٹر عباس آفریدی کا کردار نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | سوات میں پیش آنے والا واقعہ خیبرپختونخوا حکومت کی نااہلی کا ثبوت ہے، سلیم کھوسہ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | واسا میں تنخواہوں کی بروقت ادائیگی یقینی بنائیں گے، عبدالرحمان کھیتران | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | میر لیاقت لہڑی کا دورہ ہیلپر آئی ہسپتال، مریضوں کی عیادت کی | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | گڈ گورننس اور سروس ڈیلیوری عوام کی بنیادی حق ہے، چیف سیکرٹری | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | نوشکی چیک پوسٹ پر حملہ فرائض میں غفلت پانچ لیویز اہلکار برطرف | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | ایک لاکھ 40 ہزار افغانی بلوچستان چھوڑ گئے | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | صوبائی حکومت نے ظلم کی تمام حدیں پار کردی ہیں، بیوٹمز اسٹاف ایسوسی ایشن | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | ملکی ترقی بلوچستان کی ترقی سے مشروط ہے، ایاز صادق | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | صوبائی حکومت کا ایرانی تیل پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ، اپوزیشن کی تنقید | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | جی ڈی اے نے میرین ڈرائیو شابی ہور پر کازوے کی تعمیر شروع کردی | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | خواتین کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، غزالہ گولہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | کیچ میں امن وامان برقرار رکھنے کے حوالے سے اہم اجلاس | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | بچوں کیلئے حفاظتی ٹیکہ جات نہایت ضروری ہیں، ڈی سی کوئٹہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | این ایف سی ایوارڈ فوری لایا جائے 18ویں آئینی ترمیم کسی صورت ختم نہیں ہونے دینگے، مولانا واسع | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان کا مسئلہ گفت وشنید کے ذریعے حل کیا جائے، افراسیاب خٹک | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | مائنز اینڈ منرلز ایکٹ بلوچستان کے حقوق پر تاریخی ڈاکہ ہے، اسلم رئیسانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | بیوروکریسی کو عوامی مسائل حل میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے، ہدایت الرحمان | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

سریاب روڈ پر نامعلوم افراد نے نادرا آفس زہری کے ملازم کو گولی ماردی، ڈیرہ مراد جمالی ڈکیتی چوری کی متعدد وارداتیں، تاجر، مسافر لٹ گئے، چاغی پولیس اور مسلح افراد میں فائرنگ کا تبادلہ ایک اہلکار زخمی، حب جام کالونی کے قریب ایک شخص کی نعش ملی شناخت نہ ہوسکی، نوشکی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک خاتون کو قتل کردیا،

## عوامی مسائل:

بجلی کی عدم فراہمی پر جوائنٹ روڈ ریلوے سوسائٹی کے مکین سراپا احتجاج،

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 01.07.2025

**اداریہ:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**سانحہ سوات ،غفلت برتنے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لانا حکومت کی ذمہ داری!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ پاکستان میں سیاحت اہم ترین شعبہ ہے بلوچستان، کے پی کے، کشمیر، گلگت بلتستان سمیت دیگر صوبوں میں جنت نظیر مقامات ہیں، سیاحتی مقامات پر سرمایہ کاری کے ذریعے سیاحت کے شعبے کو فروغ دیا جاسکتا ہے جس میں ملکی اور بیرونی سیاحوں کیلئے تمام تر سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ سیاحتی مقامات کو مزید خوبصورت بنانے کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو سرمایہ کاری پر خصوصی توجہ دینی ہو گی سیاحتی مقامات پر سہولیات کے فقدان کی وجہ سے اکثر سانحات رونما ہوتے ہیں مری سانحہ کے بعد سوات میں جو کچھ ہوا یہ قابل برداشت ہے اس پر سیاست کی بجائے کوتاہیوں کو دور کرنے کے ساتھ بہترین سہولیات اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے بروقت ریسکیو جیسے انتظامات ضروری ہیں جب صوبائی حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے الرٹ جاری کیا جاتا ہے تو شہریوں کو بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حالات کے پیش نظر ایسی تر یح مقامات کا رخ نہیں کرنا چاہیے جہاں موسمی حالات خراب ہونے سے جانی نقصان کا خدشہ موجود ہو سوات سانحہ کے بعد سوشل میڈیا پر اس واقعے کو مذاق کے طور پر لیتے ہوئے جس طرح کے ویڈیوز بنا کر ویورز بڑھانے کی گھٹیا کوشش کی جارہی ہے یہ شرمناک عمل ہے مہذب معاشروں میں اس طرح کے واقعات پر افسردگی اور متاثرہ خاندان سے ہمدردی کے ساتھ کوتاہیوں کی نشاندہی کی جاتی ہے تاکہ اس طرح کے ہولناک واقعات دوبارہ رونما نہ ہوں یہ بات اپنی جگہ بالکل بجا ہے کے پی کے حکومت ہر وقت سرکاری مشینری اا ستعمال کرتے ہوئے اسلام آباد پر چڑھائی کے لئے تیار رہتی ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**منشیات سنگین مسئلہ اور نوجوان نسل کے مستقبل کی تباہی کا باعث**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Unaddressed poverty" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**میرا خوشحال بلوچستان**" کے عنوان سے نسیم الحق زاہدی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 JUL 2025 Page No.


## سفارش اور اقرباء پروری کے خاتمہ میں آفیسرز کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں، گورنر

**افسران کا غیر ضروری پریشر کیخلاف ثابت قدم رہنا بہت ضروری ہے، وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ آج بھی قابل اور دیانتدار سرکاری افسران اپنے محکمہ اور عوام کی نظروں میں بہت قدر و منزلت رکھتے ہیں۔ فرائض سرانجام دیتے وقت اپنے وقار کو برقرار رکھنا اور غیر ضروری پریشر کے خلاف ثابت قدم رہنا بہت ضروری ہے۔ اچھی طرز حکمرانی کی خاطر بیوروکریسی ہی کو ایک اعلیٰ معیار پر رکھا جاتا ہے۔ یہ قابل ستائش ہے کہ تربیت میں نہ صرف انتظامی فرائض شامل ہیں بلکہ اس میں آداب، ڈریسنگ اور خاص کر پبلک ڈیلنگ پر بھی زور دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ڈائریکٹر جنرل بلوچستان سول سروس اکیڈمی ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی کی قیادت میں مڈ کیریئر کورس مینجمنٹ کے پچیس زیر تربیت آفیسران پر مشتمل وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی، محمد سہیل اور ذوالفقار علی بھی موجود تھے۔ ایک سوال کے جواب میں گورنر نے کہا کہ معاشرے سے سفارش اور اقرباء پروری کے خاتمہ سرکار آفیسرز کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں، معاشرے کی خاموش اکثریت کی آواز بنے میں آفیسر حضرات پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔


MASHRIQ QUETTA


## سرکاری افسران سفارش و اقرباپروری کے خاتمے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں، گورنر

**فرائض سرانجام دیتے وقت اپنے وقار کو برقرار اور غیر ضروری پریشر کے خلاف ثابت قدم رہنا بہت ضروری ہے، شیخ جعفر مندوخیل**

**محکموں کے افسران اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتیں بروئے کار لا کر عوام کو درپیش مشکلات کم کر سکتے ہیں، ڈی جی سول سروس اکیڈمی سے ملاقات میں گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج بھی قابل اور دیانتدار سرکاری افسران اپنے محکمے اور عوام کی نظروں میں بہت قدر و منزلت رکھتے ہیں فرائض سرانجام دینے وقت اپنے وقار کو برقرار رکھنا اور غیر ضروری پریشر کے خلاف ثابت قدم رہنا بہت ضروری ہے اچھی طرز حکمرانی کی خاطر بیوروکریسی ہی کو ایک اعلیٰ معیار پر رکھا جاتا ہے یہ قابل ستائش ہے کہ تربیت میں نہ صرف انتظامی فرائض شامل بلکہ اس میں آداب، ڈریسنگ اور خاص کر پبلک ڈیلنگ پر بھی زور دیا گیا ہے استعداد کار بڑھانے کی یہ ٹریننگ بلاشبہ تمام زیر تربیت......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

افسران کی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگیوں پر مثبت اثر ڈالے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ڈائریکٹر جنرل بلوچستان سول سروس اکیڈمی ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی کی قیادت میں مڈ کیریئر کورس مینجمنٹ کے 25 زیر تربیت آفیسران پر مشتمل وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی، محمد سہیل اور ذوالفقار علی بھی موجود تھے ایک سوال کے جواب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ معاشرے سے سفارش اور اقرباء پروری کے خاتمے میں سرکاری افسران کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں معاشرے کی خاموش اکثریت کی آواز بننے میں افسران پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ آپ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتیں بروئے کار لا کر عوام کو درپیش مشکلات کم کر سکتے ہیں۔ آخر میں گورنر بلوچستان کو بلوچستان سول سروس اکیڈمی کی جانب سے یادگاری شیلڈ سے نوازا گیا۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.________ Page No.________

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | منگل 5 محرم الحرام 1447ھ یکم جولائی 2025ء | نمبر 178


## سینیٹر عباس آفریدی کا کردار نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے، وزیر اعلیٰ بگٹی

### مرحوم ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے، حاجی شمیم آفریدی سے اظہار تعزیت

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کے روز اسلام آباد میں آفریدی ہاؤس گئے جہاں انہوں نے بزرگ سیاسی رہنما حاجی شمیم خان آفریدی سے ان کے فرزند سینیٹر عباس خان آفریدی کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا وزیر اعلیٰ نے مرحوم سینیٹر کے انتقال کو قومی سیاست کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی کی ملک وملت کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے جنہوں نے ہمیشہ قبائلی عوام کے حقوق کے لیے بھرپور آواز بلند کی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی نے پارلیمان میں اپنی تقاریر، قانون سازی اور عوامی موقف کے ذریعے ملکی وحدت، قومی اتفاق اور جمہوری اقدار کا علم بلند رکھا وہ ایک ایسے سیاستدان تھے جن کا کردار نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ آفریدی خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔



اسلام آباد: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی مرحوم سینیٹر عباس آفریدی کے فرزند سے ہمدردی دشفقت کا اظہار کرتے ہوئے صبر کی تلقین کر رہے ہیں



اسلام آباد: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی حاجی شمیم خان آفریدی سے ان کے بیٹے سینیٹر عباس آفریدی کے انتقال پر تعزیت کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہے مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 53 | شمارہ 362 | 08 [illegible] 2025 | 1446 | قیمت 30 روپے

PTC 081-2827345, 081-2827344

DC-m-11


## طالب علم منصور خان کے قتل میں ملوث دہشتگردوں کیخلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا، وزیر اعلیٰ

طالب علم کو تاوان کی خاطر بے دردی سے شہید کیا گیا، واقعہ میں ملوث چھ دہشت گرد جہنم واصل ہو چکے، وزیر اعلیٰ

بات دکھ بے انتہائی طور پر میں اور حکومت بلوچستان منصور کی بازیابی کے لیے بھرپور کوششیں کرتے رہے، ایکس پر بیان

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ [illegible] دہشت گردوں نے معصوم بچے منصور خان کو تاوان کی خاطر بے دردی سے شہید کیا، اس واقعہ میں [illegible] میں اور حکومت بلوچستان منصور کی بازیابی کے لیے بھرپور کوششیں کرتی رہی [illegible] منصور خان ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بچے کی شہادت کے واقعہ پر ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ منصور خان کی بازیابی کے لئے کی گئی کوششوں سے تمام لوگ بالخصوص منصور کے اہل خانہ بخوبی واقف ہیں، واقعہ میں ملوث عناصر کے خلاف پوری ریاستی مشینری حرکت میں آ گئی ہے، واقعہ میں ملوث چھ دہشت گرد جہنم واصل ہو چکے ہیں [illegible]۔

## وزیر اعلیٰ کا خواتین کو بچانے والے نوجوان کو نوکری دینے کا اعلان

[illegible]

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے [illegible] والی 2 خواتین کو بچانے والے نوجوان کیلئے ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس [illegible] (پی ڈی ایم اے) [illegible] میں نوکری کا اعلان کیا [illegible] بلوچستان نے [illegible] خان کیلئے نوکری کے ساتھ تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام کا بھی اعلان کیا [illegible] خان جیسے لوگ [illegible] بلوچستان [illegible] انہوں نے اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر 2 خواتین کی جان بچائی۔

## وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی شمیم خان آفریدی سے تعزیت

ملک عباس خان آفریدی کے انتقال پر تعزیت، فاتحہ خوانی کی

دکھ کی گھڑی میں وہ آفریدی خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز اسلام آباد میں آفریدی ہاؤس [illegible] جہاں انہوں نے [illegible] شمیم خان آفریدی ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

سے ان کے فرزند ملک عباس خان آفریدی کے انتقال پر دلی تعزیت اور اظہار افسوس کیا، وزیر اعلیٰ نے مرحوم ملک کے انتقال کو قومی سیاست کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک عباس آفریدی کی ملک و قوم کے لئے خدمات ناقابل فراموش ہیں، انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک [illegible] اوصاف کے مالک تھے۔



اسلام آباد: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی شمیم خان آفریدی سے ان کے صاحبزادے ملک عباس خان آفریدی کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.pk

intekhabnews@gmail.com

Quetta Ph 081-2822909

قیمت 30 روپے

جلد نمبر 32 | بروز منگل یکم جولائی 2025ء بمطابق 5 محرم الحرام 1447ھ | شمارہ نمبر 178


## اسلام آباد، سرفراز بگٹی کی آفریدی ہاؤس آمد، سینیٹر عباس آفریدی کی وفات پر تعزیت

### وفات قومی سیاست کا بڑا نقصان قرار، مرحوم کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کے روز اسلام آباد میں آفریدی ہاؤس گئے جہاں انہوں نے بزرگ سیاسی رہنما حاجی شمیم خان آفریدی سے ان کے فرزند سینیٹر عباس خان آفریدی کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ نے مرحوم سینیٹر کے انتقال

بقیہ نمبر 88 صفحہ 5 پر

کو قومی سیاست کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی کی ملک و ملت کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے جنہوں نے ہمیشہ قبائلی عوام کے حقوق کے لیے بھرپور آواز بلند کی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی نے پارلیمان میں اپنی تقاریر، قانون سازی اور عوامی مؤقف کے ذریعے ملکی وحدت، قومی اتفاق اور جمہوری اقدار کا علم بلند رکھا وہ ایک ایسے سیاستدان تھے جن کا کردار نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے بلندی درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ آفریدی خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 197 | منگل، 5 محرم الحرام، یکم جولائی 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# عباس آفریدی کی ملک کیلئے لازوال خدمات ہیں، وزیراعلیٰ

## مرحوم زیرک سیاستدان تھے جنہوں نے قبائلی عوام کے حقوق کیلئے آواز اٹھائی

## انہوں نے ملکی وحدت قومی اتفاق اور جمہوری اقدار کا علم ہمیشہ بلند رکھا

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسلام آباد میں آفریدی ہاؤس گئے جہاں انہوں نے بزرگ سیاسی رہنما، حاجی قسیم خان آفریدی سے ان کے (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

فرزند سینیٹر عباس خان آفریدی کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا وزیراعلیٰ نے مرحوم سینیٹر کے انتقال کو قومی سیاست کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی کی ملک وملت کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے جنہوں نے ہمیشہ قبائلی عوام کے حقوق کے لیے بھرپور آواز بلند کی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی نے پارلیمان میں اپنی تقاریر، قانون سازی اور عوامی موقف کے ذریعے ملکی وحدت، قومی اتفاق اور جمہوری اقدار کا علم بلند رکھا وہ ایک ایسے سیاستدان تھے جن کا کردار نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ آفریدی خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔

# وزیراعلیٰ بلوچستان کا خواتین کو ڈوبنے سے بچانے والے نوجوان کو نوکری دینے کا اعلان

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے زرغون ڈیم میں (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

ڈوبنے والی 2 خواتین کو بچانے والے نوجوان کیلئے پراونشل ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) ریسکیو میں نوکری کا اعلان کر دیا، وزیراعلیٰ نے شاکل خان کیلئے تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام کا بھی اعلان کیا اور کہا کہ شاکل خان جیسے لوگ بلوچستان کا حقیقی چہرہ ہیں، وہ نہ صرف بلوچستان اور پاکستان بلکہ انسانیت کا فخر ہیں، خیال رہے گزشتہ روز شاکل خان نے زیارت میں زرغون ڈیم میں ڈوبنے والی 3 میں سے 2 خواتین کو زندہ نکال لیا تھا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

Bullet No.________ Page No.________

جلد نمبر۔24 | منگل یکم جولائی 2025ء بمطابق 05 محرم الحرام 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔176

# سینیٹر عباس آفریدی زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

## مرحوم کی ملک وملت کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں، تعزیت کے موقع پر گفتگو

اسلام آباد(خ ن)وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کو اسلام آباد میں آفریدی ہاؤس گئے جہاں انہوں نے بزرگ سیاسی رہنما حاجی شمیم خان آفریدی سے ان کے (بقیہ نمبر29 صفحہ نمبر2پر)



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سینیٹر عباس آفریدی کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

فرزند سینیٹر عباس خان آفریدی کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا وزیر اعلیٰ نے مرحوم سینیٹر کے انتقال کو قومی سیاست کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی کی ملک وملت کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے جنہوں نے ہمیشہ قبائلی عوام کے حقوق کے لیے بھرپور آواز بلند کی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی نے پارلیمان میں اپنی تقاریر، قانون سازی اور عوامی موقف کے ذریعے ملکی وحدت، قومی اتفاق اور جمہوری اقدار کا علم بلند رکھا وہ ایک ایسے سیاستدان تھے جن کا کردار نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ آفریدی خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | منگل یکم جولائی 2025ء بمطابق 05 محرم 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 177

# وزیراعلیٰ کا خواتین کو ڈوبنے سے بچانے والے نوجوان کو خراج تحسین

## شاکل خان کو نقد انعام، سرکاری ملازمت اور تعریفی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع زیارت میں زرگئی ڈیم میں ڈوبنے والی تین خواتین میں سے دو کو اپنی جان پر کھیل کر بچانے والے بہادر نوجوان شاکل خان کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ حکومت بلوچستان نے شاکل خان کو نقد انعام، تعریفی سرٹیفکیٹ اور پی ڈی ایم اے بلوچستان کی ریسکیو فورس میں نوکری دینے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے پیغام میں کہا کہ "جس نے ایک انسان کی جان بچائی، اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی۔ شاکل خان نے انسانیت کے لیے بلا معاوضہ، بغیر کسی لالچ اپنی زندگی خطرے میں ڈال کر دو انسانی جانوں کو بچایا، جو ایک عظیم کارنامہ ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان جیسے پسماندہ اور جغرافیائی طور پر وسیع علاقے میں ریسکیو ٹیموں کے بروقت نہ پہنچنے کی وجہ سے شاکل خان جیسے افراد سول سوسائٹی کی صف اول میں رہ کر انسانیت کی بے مثال خدمت کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری حکومت ایک ذمہ دار حکومت ہے، اور ایسے نوجوانوں کی قدر کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہم شاکل خان کو تعریفی اسناد، نقد انعام اور پی ڈی ایم اے ریسکیو فورس میں ملازمت دے کر ان کی قربانی اور خدمت کا اعتراف کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کلائمیٹ چینج کے تناظر میں احتیاطی تدابیر اور ایک دوسرے کا خیال رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا، تاکہ ناگہانی صورتحال میں انسانی جانوں کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ "بلوچستان کا اصل چہرہ شاکل خان جیسے لوگ ہیں جو اپنی جان خطرے میں ڈال کر دوسروں کی انسانیت کو یہ احساس دلاتے ہیں کہ یہ سرزمین واقعی عظیم لوگوں کی سرزمین ہے۔"

# سینیٹر عباس آفریدی کا انتقال قومی سیاست کیلئے بڑا نقصان ہے، وزیراعلیٰ

## مرحوم ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے، آفریدی ہاؤس جا کر تعزیت کی

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کے روز اسلام آباد میں آفریدی ہاؤس گئے جہاں انہوں نے بزرگ سیاسی رہنما حاجی قسیم خان آفریدی سے ان کے فرزند سینیٹر عباس خان آفریدی کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا وزیراعلیٰ نے مرحوم سینیٹر کے انتقال کو قومی سیاست کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی کی ملک و ملت کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے جنہوں نے ہمیشہ قبائلی عوام کے حقوق کے لیے بھرپور آواز بلند کی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی نے پارلیمان میں اپنی تقاریر، قانون سازی اور عوامی مؤقف کے ذریعے ملکی وحدت، قومی اتفاق اور جمہوری اقدار کا علم بلند رکھا وہ ایک ایسے سیاستدان تھے جن کا کردار نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ آفریدی خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔



اسلام آباد، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی مرحوم سینیٹر عباس آفریدی کی وفات پر انکے والد سے تعزیت کر رہے ہیں



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی حاجی قسیم خان آفریدی سے ان کے فرزند مرحوم سینیٹر عباس آفریدی کی وفات پر تعزیت کا اظہار کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حید رامین

جلد 80 | منگل یکم جولائی 2025ء 5 محرم الحرام 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 178




کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی حاجی قسیم خان آفریدی سے ان کے فرزند مرحوم سینیٹر عباس آفریدی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## خواتین کو ڈوبنے سے بچانے والے بہادر نوجوان شاکل خان کو وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے خراج تحسین

### نقد انعام اور سرکاری نوکری کا اعلان شاکل خان جیسے لوگ انسانیت، بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع زیارت میں زڑگئی ڈیم میں ڈوبنے والی تین خواتین میں سے دو کو اپنی جان پر کھیل کر بچانے والے بہادر نوجوان شاکل خان کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ حکومت بلوچستان نے شاکل خان کو نقد انعام، تعریفی سرٹیفیکیٹ اور پی ڈی ایم اے بلوچستان کی ریسکیو فورس میں نوکری دینے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے پیغام میں کہا کہ "جس نے ایک انسان کی جان بچائی، اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی۔ شاکل خان نے انسانیت کے لیے بلا معاوضہ، بغیر کسی لالچ اپنی زندگی خطرے میں ڈال کر دو انسانی جانوں کو بچایا، جو ایک عظیم کارنامہ ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان جیسے پسماندہ اور جغرافیائی طور پر وسیع علاقے میں ریسکیو ٹیموں کے بروقت نہ پہنچنے کی وجہ سے شاکل خان جیسے افراد سول سوسائٹی کی صف اول میں رہ کر انسانیت کی بے مثال خدمت کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری حکومت ایک ذمہ دار حکومت ہے، اور ایسے نوجوانوں کی قدر کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہم شاکل خان کو تعریفی اسناد، نقد انعام اور پی ڈی ایم اے ریسکیو فورس میں ملازمت دے کر ان کی قربانی اور خدمت کا اعتراف کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کلائمیٹ چینج کے تناظر میں احتیاطی تدابیر اور ایک دوسرے کا خیال رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا، تاکہ ناگہانی صورتحال میں انسانی جانوں کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ "بلوچستان کا اصل چہرہ شاکل خان جیسے لوگ ہیں جو اپنی جان خطرے میں ڈال کر دکھی انسانیت کو یہ احساس دلاتے ہیں کہ یہ سرزمین واقعی عظیم لوگوں کی سرزمین ہے۔"

## سینیٹر عباس آفریدی قومی سیاست کا اثاثہ تھے، میر سرفراز بگٹی

### مرحوم ایک زیرک، فعال اور قوم دوست سیاستدان تھے، قبائلی عوام کے لیے ہمیشہ آواز بلند کی

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینیٹر عباس خان آفریدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ملک و قوم کا عظیم سرمایہ قرار دیا ہے۔ پیر کے روز وزیراعلیٰ نے اسلام آباد میں آفریدی ہاؤس جا کر بزرگ سیاسی رہنما حاجی قسیم خان آفریدی سے ان کے فرزند کے انتقال پر تعزیت کی۔ وزیراعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی کی ملک و ملت کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ وہ ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے جنہوں نے ہمیشہ قبائلی عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کی اور ان کی نمائندگی کا حق ادا کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مرحوم سینیٹر نے پارلیمان میں اپنی تقاریر، قانون سازی اور عوامی مؤقف کے ذریعے قومی وحدت، جمہوری روایات اور اتفاق رائے کو فروغ دیا۔ ان کا کردار نوجوان سیاستدانوں کے لیے ایک مشعل راہ ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ اور بلوچستان کے عوام آفریدی خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 16 روپے

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 21 | منگل، یکم جولائی 2025ء، 05 محرم الحرام 1447ھ | شمارہ 80

## زیارت، دو خواتین کو ڈوبنے سے بچانے والے بہادر نوجوان شاکل خان کو وزیر اعلیٰ بلوچستان کا خراج تحسین

[illegible]

[illegible] 10 [illegible]

[illegible]



اسلام آباد: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی [illegible] سے ان کے [illegible] کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

CamScanner

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: جمیل الرحمٰن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | منگل یکم جولائی 2025ء، 05 محرم الحرام 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 294

# وزیراعلیٰ بلوچستان کی سینیٹر عباس آفریدی کے انتقال پر دلی تعزیت

**فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے جنہوں نے ہمیشہ قبائلی عوام کے حقوق کے لیے بھرپور آواز بلند کی**

**سینیٹر عباس آفریدی کی ملک وملت کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں، میر سرفراز بگٹی**

اسلام آباد: (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کے روز اسلام آباد میں آفریدی ہاؤس گئے جہاں انہوں نے بزرگ سیاسی رہنما، حاجی قسیم خان آفریدی سے ان کے فرزند سینیٹر عباس خان آفریدی کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا وزیراعلیٰ نے مرحوم سینیٹر کے انتقال کو قومی سیاست کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی کی ملک وملت کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے جنہوں نے ہمیشہ قبائلی عوام کے حقوق کے لیے بھرپور آواز بلند کی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی نے پارلیمان میں اپنی تقاریر، قانون سازی (بقیہ 42 صفحہ 7 پر)

اور عوامی مؤقف کے ذریعے ملی وحدت، قومی اتفاق اور جمہوری اقدار کا علم بلند رکھا وہ ایک ایسے سیاستدان تھے جن کا کردار نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ آفریدی خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں



اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی حاجی قسیم خان آفریدی سے ان کے صاحبزادے مرحوم سینیٹر عباس آفریدی کی وفات پر تعزیت کا اظہار کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

Bullet No. ____ Page No. ____

جلد 28 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 10 روپے | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ بی سی پی-10 | شمارہ 133

منگل یکم جولائی 2025ء | 5 محرم الحرام | 1447ھ


# وزیراعلیٰ کا زیارت میں خواتین کو بچانے والے نوجوان کیلئے نوکری اور انعام کا اعلان

## شائل خان نے انسانیت کے لیے بلا معاوضہ، بغیر کسی لالچ اپنی زندگی خطرے میں ڈال کر دو انسانی جانوں کو بچایا

## ہماری حکومت ذمہ دار، ایسے نوجوانوں کی قدر کرنا ذمہ داری ہے، ایک دوسرے کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع زیارت میں زرگی ڈیم میں ڈوبنے والی تین خواتین میں سے دو کو اپنی جان پر کھیل کر بچانے والے بہادر نوجوان شائل خان کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ حکومت بلوچستان نے شائل خان کو نقد انعام، تعریفی سرٹیفکیٹ اور پی ڈی ایم اے بلوچستان کی ریسکیو فورس میں نوکری دینے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے پیغام میں کہا کہ "جس نے ایک انسان کی جان بچائی، اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی۔ شائل خان نے انسانیت کے لیے بلا معاوضہ، بغیر کسی لالچ اپنی زندگی خطرے میں ڈال کر دو انسانی جانوں کو بچایا، جو ایک عظیم کارنامہ ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان جیسے پسماندہ اور جغرافیائی طور پر وسیع علاقے میں ریسکیو ٹیموں کے بروقت نہ پہنچنے کی وجہ سے شائل خان جیسے افراد سول سوسائٹی کی صفِ اول میں رہ کر انسانیت کی بے مثال خدمت کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری حکومت ایک ذمہ دار حکومت ہے، اور ایسے نوجوانوں کی قدر کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہم شائل خان کو تعریفی اسناد، نقد انعام اور پی ڈی ایم اے ریسکیو فورس میں ملازمت دے کر ان کی قربانی اور خدمت کا اعتراف کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کلائمیٹ چینج کے تناظر میں احتیاطی تدابیر اور ایک دوسرے کا خیال رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا، تاکہ ناگہانی صورتحال میں انسانی جانوں کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ "بلوچستان کا اصل چہرہ شائل خان جیسے لوگ ہیں جو اپنی جان خطرے میں ڈال کر دکھی انسانیت کو یہ احساس دلاتے ہیں کہ یہ سرزمین واقعی عظیم لوگوں کی سرزمین ہے۔"



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی حاجی قسیم آفریدی سے ان کے فرزند عباس آفریدی کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

# عباس آفریدی کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، میر سرفراز بگٹی

## مرحوم ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے، وزیراعلیٰ بلوچستان

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کے روز اسلام آباد میں آفریدی ہاؤس گئے جہاں انہوں نے بزرگ سیاسی رہنما حاجی قسیم خان آفریدی سے ان کے فرزند سینیٹر عباس خان آفریدی کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا، وزیراعلیٰ نے مرحوم سینیٹر کے انتقال کو قومی سیاست کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی کی ملک و ملت کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک فعال، زیرک اور قوم دوست سیاستدان تھے جنہوں نے ہمیشہ قبائلی عوام کے حقوق کے لیے بھرپور آواز بلند کی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سینیٹر عباس آفریدی نے پارلیمان میں اپنی تقاریر، قانون سازی اور عوامی مؤقف کے ذریعے ملکی وحدت، قومی اتفاق اور جمہوری اقدار کا علم بلند رکھا، وہ ایک ایسے سیاستدان تھے جن کا کردار نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ آفریدی خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 JUL 2025 Page No.


## سوات میں پیش آنے والا واقعہ خیبر پختونخوا حکومت کی نااہلی کا ثبوت ہے، سلیم کھوسہ

**بروقت امدادی ٹیمیں نہیں پہنچیں، ریسکیو کے مؤثر انتظامات تھے، نہ ہی متاثرین کو فوری ریلیف فراہم کیا گیا**

ماجھی پور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے سوات میں پیش آنے والے انتہائی افسوسناک واقعے پر شدید دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے جس میں ایک ہی خاندان کے 15 افراد سیلابی ریلے میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سانحہ صرف ایک حادثہ نہیں بلکہ خیبر پختونخوا حکومت کی بدترین نااہلی اور بے حسی کا کھلا ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ نہ بروقت امدادی ٹیمیں پہنچیں، نہ ریسکیو کے کوئی مؤثر انتظامات تھے، نہ ہی متاثرہ خاندان کو فوری ریلیف فراہم کیا گیا خیبر پختونخوا حکومت صرف بیان جاری کر کے سمجھتی ہے کہ اس نے اپنی ذمہ داری پوری کر دی۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنائے اور کسی بھی حادثے یا آفت کی صورت میں فوری اور مؤثر ریسپانس سسٹم فعال کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کو چاہیے کہ سیاحتی مقامات پر حفاظتی اقدامات کو یقینی بنائے، تربیت یافتہ اہلکاروں کی تعیناتی کرے اور ریسکیو سسٹم کو جدید خطوط پر استوار کرے تاکہ آئندہ ایسے دل دہلا دینے والے سانحات سے قوم کو دوچار نہ ہونا پڑے۔


MASHRIQ QUETTA


## واسا میں تنخواہوں کی بروقت ادائیگی یقینی بنائیں گے، عبدالرحمن کھیتران

**محکمہ ہذا نے گرانٹ کے لیے حکومت کو سمری بھجوائی ہے، جنرل سیکرٹری عارف نیچاری**

**گرانٹ کیلئے منظوری کیلئے متعلقہ حکام سے بھرپور رابطہ کیا جائیگا، صوبائی وزیر کی یقین دہانی**

کوئٹہ (پ ر) واسا ایمپلائز یونین کے وفد جنرل سیکرٹری جنرل عارف نیچاری، فنانس سیکرٹری ہمایون بختیار، نائب صدر حاجی عارف بڑیچ، آفس سیکرٹری انجینئر حبیب اللہ مری نے صوبائی وزیر پی ایچ ای و چیئرمین واسا سردار عبدالرحمن کھیتران سے ملاقات کی اور ان کو بتایا کہ محکمہ واسا کے ملازمین ماہ جون کی تنخواہ سے محروم ہیں اس حوالے سے محکمہ ہذا نے گرانٹ ......


بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر


کے لیے حکومت کو سمری بھجوائی ہے جو اس وقت چیف سیکرٹری کے ٹیبل پر ہے ان کو کہا گیا کہ بطور منسٹر آپ اس گرانٹ کی منظوری میں اپنا کردار ادا کریں۔ جس پر چیئرمین واسا نے فوری ایکشن لیتے ہوئے حکام بالا سے رابطہ کیا اور چیف سیکرٹری سے فائل کو نکلنے کے لیے ذمہ داری اٹھاتے ہوئے مکمل یقین دہانی کروائی۔ اور کہا کہ انشاء اللہ گرانٹ کی منظوری میں محکمہ واسا کی مدد کروں گا اور یہ میری ذمہ داری ہے کہ ملازمین کو بروقت تنخواہوں کی ادائیگی ممکن بنایا جاسکے۔

## میر لیاقت علی لہڑی کا دورہ ہیلپر آئی ہسپتال، مریضوں کی عیادت کی

**ہسپتال کو جدید مشینری کی فراہمی کیلئے وزیراعلیٰ سے ملاقات کریں گے، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری**

کوئٹہ (آئی این پی) رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے گزشتہ روز ہیلپر آئی ہسپتال کا دورہ کیا وہ گزشتہ روز ہسپتال پہنچے تو ایم ایس ہیلپر آئی ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر اسحاق پانیزئی نے انہیں ہسپتال کے بارے میں بریفنگ دی دورے کے موقع پر رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے ہسپتال ......


بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر


کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے ہیلپر آئی ہسپتال میں داخل مریضوں کی عیادت کی اور مریضوں سے علاج و معالجے کی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا مریضوں نے انتظامیہ ہیلپر ہسپتال اور ڈاکٹرز کی جانب سے علاج و معالجے دی جانے والی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا انہوں نے آنکھ کی سرجری، لیزر اور آپریشن کرنے والے ڈاکٹروں اور طبی عملے سے ملاقات کی ملاقات میں رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے ایم ایس ہیلپر آئی ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر اسحاق پانیزئی، پروفیسر ڈاکٹر شمس بازئی، ڈاکٹر ایمل، ڈاکٹر چاکر بلوچ، ڈاکٹر ارم اور ڈاکٹر سیف اللہ ناصر، فارماسسٹ، نرسز اور طبی عملے کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے ہیلپر آئی ہسپتال کیلئے جدید مشینری، طبی آلات کی فراہمی کے لئے ملاقات کریں گے


CamScanner

## گڈ گورننس اور سروس ڈیلیوری عوام کا بنیادی حق ہے، چیف سیکرٹری

**عوام کو خدمات کی فراہمی موثر اور بہترین طریقے سے یقینی بنائی جائے، اجلاس میں اظہار خیال**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے گڈ گورننس اور سروس ڈیلیوری عوام کا بنیادی حق ہے اور کسی بھی ریاست کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو شفاف، موثر اور مساوی بنیادوں پر خدمات فراہم کرے اور ایک ایسا نظام قائم کرے جو جوابدہ، منصفانہ اور قابل اعتماد ہو۔ گڈ گورننس اور سروس ڈیلیوری کی فراہمی نہ صرف عوام کا بنیادی حق ہے بلکہ ایک ترقی یافتہ اور مستحکم معاشرے کی بنیاد بھی ہے۔ عوام کو خدمات کی فراہمی موثر اور بہترین طریقے سے یقینی بنایا جائے تاکہ وسائل کا بہترین استعمال ہو اور وقت کا ضیاع نہ ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کے روز سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں فائل ٹریکنگ سسٹم، آئی پی ایم ایس، دفاتر میں آفیسران اور عملے کی حاضری سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات حافظ عبدالباسط، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، چیئرمین سی ایم آئی ٹی محمد علی کاکڑ، سینئر ایم بی آر قمبر دشتی سمیت تمام سیکرٹریز جبکہ ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ تمام سیکرٹریز فائل ٹریکنگ سسٹم اور پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کو فوری طور پر حل کرنے پر خصوصی توجہ دیں اور جو کیسز پینڈنگ یا اوورڈیو ہیں ان کو بھی جلد از جلد حل کریں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ PSDP کا بہتر استعمال نہ صرف اقتصادی ترقی کے لیے بلکہ شہریوں کو بہتر خدمات فراہم کرنے اور ملک و صوبے میں پائیدار ترقی کو یقینی بنانے کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ پچھلے مالی سال کی بروقت پی ایس ڈی پی کی یوٹیلائزیشن پر پی اینڈ ڈی و دیگر محکموں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اگلے مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کر کے مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ لوگوں کی معیار زندگی مزید بہتر ہو۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیکرٹریز کم لیول پر ریکروٹمنٹ متعلقہ اضلاع میں منعقد کی جائیں کیونکہ ایک سے پندرہ اسکیل کی آسامیوں کے لیے لوگوں کو کوئٹہ آنا پڑتا ہے جس سے ان کے خرچے بھی زیادہ ہوتے ہیں اور متعلقہ اضلاع میں منعقد کرنے سے شفافیت بھی برقرار رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگوں کا حق ہے کہ صوبائی حکومت ان کے مشکلات کو حل کرے اور انکو بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام سیکرٹریز اپنے ماتحت عملے کی حاضری یقینی بنائیں۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبے میں 462 افراد دوہری نوکریاں رکھتے ہیں۔ چیف سیکرٹری نے دوہری نوکریاں کرنے والوں کے خلاف کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کی۔



## ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کر کے مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، چیف سیکرٹری

**شہریوں کو شفاف، موثر اور مساوی بنیادوں پر خدمات فراہمی کا ایسا نظام قائم ہو جو جوابدہ، منصفانہ اور قابل اعتماد ہو**

**تمام سیکرٹریز کم لیول پر ریکروٹمنٹ متعلقہ اضلاع میں منعقد کریں تاکہ لوگوں کو کوئٹہ نہ آنا پڑے، شکیل قادر خان کی گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے گڈ گورننس اور سروس ڈیلیوری عوام کا بنیادی حق ہے اور کسی بھی ریاست کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو شفاف، موثر اور مساوی بنیادوں پر خدمات فراہم کرے اور ایک ایسا نظام قائم کرے جو جوابدہ، منصفانہ اور قابل اعتماد ہو۔ گڈ گورننس اور سروس ڈیلیوری کی فراہمی نہ صرف عوام کا بنیادی حق ہے بلکہ ایک ترقی یافتہ اور مستحکم معاشرے کی بنیاد بھی ہے۔ عوام کو خدمات کی فراہمی موثر اور بہترین طریقے سے یقینی بنایا جائے تاکہ وسائل کا بہترین استعمال ہو........


بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر


اور وقت کا ضیاع نہ ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کے روز سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں فائل ٹریکنگ سسٹم، آئی پی ایم ایس، دفاتر میں آفیسران اور عملے کی حاضری سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات حافظ عبدالباسط، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، چیئرمین سی ایم آئی ٹی محمد علی کاکڑ، سینئر ایم بی آر قمبر دشتی سمیت تمام سیکرٹریز جبکہ ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.______ Dated: 01 JUL 2025 Page No.______


# نوشکی چیک پوسٹ پر حملہ فرائض میں غفلت 5 لیویز اہلکار برطرف

## فیصلہ بلوچستان لیویز فورس ڈسپلنری رولز 2015 کے تحت کیا گیا، اہلکاروں نے حملے کے وقت بزدلی کا مظاہرہ کیا

## برطرف اہلکاروں میں رسالدار محمد خان، سپاہی شوکت علی، سپاہی سراج احمد، سپاہی محمد طیب اور سپاہی محمد نعیم شامل

کوئٹہ (آئی این پی) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار مگسی کی سخت ہدایت پر نوشکی میں پانچ لیویز اہلکاروں کو برطرف کر دیا گیا نوشکی کے علاقے کیشنگی میں لیویز چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے حملے کے بعد ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار مگسی نے واقعے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے فوری کارروائی کی ہدایت جاری کی، جس پر عمل کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نوشکی نے پانچ اہلکاروں کو ان کے عہدوں سے برطرف بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

کر دیا۔ یہ فیصلہ بلوچستان لیویز فورس ڈسپلنری رولز 2015 کے تحت کیا گیا۔ برطرف کیے گئے اہلکاروں نے حملے کے وقت غفلت، بزدلی اور غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جو کہ ایک سنگین سیکیورٹی کوتاہی شمار کی گئی۔ برطرف اہلکاروں کی تفصیل محمد خان رسالدار، شوکت علی ولد محمد اعظم سپاہی، سراج احمد ولد نور احمد سپاہی، محمد طیب ولد عبدالحمید سپاہی، اور محمد نعیم ولد عبدالرحمن سپاہی ہیں واضح رہے کہ نوشکی کے علاقے کیشنگی میں دہشت گردوں نے چیک پوسٹ پر حملہ کرتے ہوئے سرکاری اسلحہ قبضے میں لے لیا اور ایک گاڑی کو بھی آگ لگا دی۔ لیویز اہلکار حملے کے وقت مزاحمت نہ کر سکے، جس پر یہ سخت تادیبی اقدام اٹھایا گیا۔

# ایک لاکھ 40 ہزار افغانی بلوچستان چھوڑ گئے

## 30 جون کی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد غیر قانونی تارکین وطن کا پاکستان سے محفوظ اور باعزت انخلاء یقینی بنایا جا رہا ہے

## دیگر اقدامات کے علاوہ تارکین وطن کی عارضی رہائش کیلئے ضلع میں تمام سہولیات سے آراستہ ٹرانزٹ کیمپس قائم کئے گئے ہیں، ایڈیشنل ڈی سی

پشین (این این آئی) ڈپٹی کمشنر زاہد خان کے ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) نجم الدین کبزئی کی زیر نگرانی ضلع پشین سے غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کا سلسلہ جاری ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے افغان ہولڈنگ کیمپ کا دورہ کرنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت غیر قانونی طور پر مقیم 30 جون کی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد غیر قانونی تارکین وطن کا پاکستان سے محفوظ اور باعزت انخلا یقینی بنایا جا رہا ہے، جبکہ دیگر اقدامات کے علاوہ ان کی عارضی رہائش کیلئے ضلع میں تمام سہولیات سے آراستہ ٹرانزٹ کیمپس قائم کئے گئے ہیں، انہوں نے بتایا کہ بارڈر پر روزانہ کی بنیاد بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر

پر افغان باشندے اپنے وطن واپس جا رہے ہیں، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نجم الدین کبزئی نے بتایا کہ ابھی تک 1 لاکھ 40 ہزار سے زائد غیر قانونی باشندے بلوچستان سے اپنے ملک چلے گئے۔ جبکہ ضلع پشین سے افغان مہاجرین کے انخلاء کے لیے اقدامات جاری ہیں، انہوں نے کہا کہ محکمہ داخلہ کی جانب سے افغان مہاجرین کا پاکستان میں قیام میں توسیع نہیں کی جائے گی، نجم الدین کبزئی کے مطابق دوسرے مرحلے کے تحت براستہ چمن سے براستہ (باب دوستی) 15186 افراد افغان مہاجرین اور غیر قانونی تارکین وطن کو افغانستان بھیجا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجموعی طور پر دوسرے مرحلے میں ضلع کے A اور B ایریا سے 2881 مرد 2478 خواتین اور 9827 بچوں کو افغانستان بھجوایا جا چکا ہے، جبکہ اس ضمن میں مزید اقدامات بھی کیے جائیں گے۔

# صوبائی حکومت نے ظلم کی تمام حدیں پار کر دی ہیں، یوٹیلٹی اسٹاف ایسوسی ایشن

## قانون نافذ کرنے والے ادارے پر امن احتجاج کے حق کو بھی پامال کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) یوٹیلٹی اسٹاف ایسوسی ایشن نے اپنے جاری کردہ بیان میں عوامی نیشنل پارٹی کے احتجاجی جلسے سے بلوچستان گرینڈ الائنس کے ڈپٹی آرگنائزر سلام زہری صاحب کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے ظلم کی تمام حدیں پار کر دی ہیں، اور ملک میں قانون نافذ کرنے والے ادارے خود غیر قانونی کام کرتے ہوئے پر امن احتجاج اور بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

مظاہرے کے حق کو بھی پامال کر رہے ہیں۔ وفاق اور تمام صوبے ڈی آر اے 30 فیصد دینے کا اعلان کر چکے ہیں مگر بلوچستان کی صوبائی حکومت ہٹ دھرمی سے کام لیتے ہوئے پولیس گردی پر اتر آئی ہے۔ ملازمین پر لاٹھی چارج، شیلنگ، گھروں پر چھاپے اور ان کو گرفتار کرنا روز کا معمول بن گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 01 JUL 2025 Page No.______


## ملکی ترقی بلوچستان کی ترقی سے مشروط ہے، ایاز صادق

**اسپیکر عبدالخالق اچکزئی سے گفتگو، ارکان اسمبلی اور عملے کی استعداد کار بڑھانے کیلئے تعاون کی یقین دہانی**

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے پیر کو اسلام آباد میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے ملاقات کی، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی و اقتصادی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ ملک کو درپیش مسائل کے حل کیلئے وفاق اور تمام صوبوں کے مابین قریبی روابط ناگزیر ہیں، بلوچستان ایک اہم صوبہ ہے ملک کی ترقی بلوچستان کی ترقی سے مشروط ہے۔ بلوچستان کی تعمیر و ترقی موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے بلوچستان اسمبلی کے اراکین اور عملے کی استعداد کار بڑھانے کیلئے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے کہا کہ قومی اسمبلی اور بلوچستان اسمبلی کے اراکین کے مابین ہم آہنگی کے فروغ کیلئے باہمی روابط میں اضافہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے قومی یکجہتی اور اتحاد ناگزیر ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## صوبائی حکومت کا ایرانی تیل پر مکمل پابندی عائد کرنیکا فیصلہ اپوزیشن کی تنقید

**سالانہ 2ارب 80 کروڑ لیٹر ایرانی پیٹرول اور ڈیزل اسمگل کیا جاتا ہے جس سے قومی خزانے کو تقریباً 227 ارب کا نقصان ہوتا ہے**

**یہ اقدام صوبے کی معیشت کو مزید نقصان پہنچائے گا' اپوزیشن اراکین' پابندی سے صوبے میں بیروزگاری میں مزید اضافہ ہوگا' تاجر برادری**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان حکومت نے ایران سے ملحقہ 900 کلومیٹر طویل سرحد پر نگرانی سخت کرتے ہوئے ایرانی پیٹرول اور ڈیزل کی اسمگلنگ پر مستقل پابندی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ یہ فیصلہ سیکیورٹی اداروں اور سرکاری محکموں کی جانب سے پیش کی گئی مشترکہ رپورٹ کے بعد کیا گیا، جس میں غیر قانونی ایرانی پیٹرول کی ترسیل کو معاشی اور سیکیورٹی خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران سے بلوچستان کے راستے سالانہ 2ارب 80 کروڑ لیٹر پیٹرول اور ڈیزل اسمگل کیا جاتا ہے، جس سے قومی خزانے کو تقریباً 227 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے ........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت بلوچستان نے اس غیر قانونی ترسیل کو روکنے کیلئے سرحدی نگرانی سخت کرنے کے ساتھ موثر اقدامات کا آغاز کر دیا ہے اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے شہر بھر میں کارروائی کرتے ہوئے 1000 سے زائد غیر قانونی ایرانی پیٹرول پمپس کو سیل کر دیا ہے کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے اس بڑی کارروائی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر قانونی کاروبار کی اجازت نہیں دی جائے گی دوسری جانب بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن اراکین نے حکومت کے اس فیصلے پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام صوبے کی معیشت کو مزید نقصان پہنچائے گا تاجر برادری نے بھی اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پابندی سے صوبے میں بیروزگاری اور غربت میں اضافہ ہوگا حکومت بلوچستان کا موقف ہے کہ اسمگلنگ کے خاتمے سے نہ صرف قومی خزانے کو فائدہ بلکہ مقامی مارکیٹ اور قانونی کاروبار کو بھی فروغ ملے گا۔

## جی ڈی اے نے میرین ڈرائیو شاہی ہور پر کازوے کی تعمیر شروع کر دی

**یہ کازوے گزشتہ سال بارشوں سے متاثر ہوا تھا، مستقل تعمیر و بحالی کے کام کی ابتداء**

کوئٹہ (اے پی پی) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی سیف اللہ کھیتران کی ہدایت پر جی ڈی اے کے شعبہ انجینئرنگ نے میرین ڈرائیو شاہی ہور کے مقام پر کازوے کی مستقل تعمیر و بحالی کا کام شروع کر دیا ہے۔ یہ کازوے گزشتہ سال طوفانی بارشوں کے باعث متاثر ہو گیا تھا، جسے عارضی طور پر بحال کر کے ٹریفک کی آمد و رفت کو جاری رکھا گیا تھا۔ میر ........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ین ڈرائیو پر واقع یہ اہم گزرگاہ گوادر کی مضافاتی آبادیوں، خصوصاً پشکان، گنز اور دیگر علاقوں کو شہر کے ساتھ جوڑتی ہے۔ کازوے کی متاثر ہونے کے باعث شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا تھا۔ اب اس منصوبے کی تکمیل کے بعد نہ صرف مقامی لوگوں کو سفری سہولت میسر آئے گی بلکہ یہ رابطہ مستقل بنیادوں پر بحال ہو جائے گا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کی ہدایت پر منصوبے کے معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے گئے ہیں۔

## خواتین کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے' غزالہ گولہ

**پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ خواتین کو قیادت کے مواقع فراہم کیے' ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر اور پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین بلوچستان کی صدر محترمہ غزالہ گولہ سے پیر کو پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والی مختلف اضلاع کی خواتین نے ملاقات کی ملاقات کے دوران خواتین نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل، تعلیمی امور اور درپیش چیلنجز سے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی اسپیکر نے تمام ........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

مسائل کو غور سے سنا اور مکمل یقین دہانی کروائی کہ وہ ان مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گی ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے کہا کہ خواتین کے مسائل کا حل میری اولین ترجیح ہے اور میں خود ایک خاتون ہونے کے ناطے ان مشکلات کو بہتر طور پر سمجھتی ہوں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ خواتین کو قیادت کے مواقع فراہم کیے ہیں، اور ہم اس مشن کو مزید آگے لے کر جا رہے ہیں۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.________ Dated: 01 JUL 2025 Page No.________


## کیچ میں امن وامان برقرار رکھنے کے حوالے سے اہم اجلاس

### ٹریفک نظام کی بہتری پر غور، منشیات کے خاتمے پر عزم کا اظہار

تربت (نمائندہ انتخاب) کیچ میں امن و امان برقرار رکھنے، منشیات کے خاتمے، شہر میں تجاوزات اور ٹریفک کے مسائل کے حل کے لیے ایک اہم اجلاس ایس ایس پی کیچ زوہیب محسن بلوچ کی زیر صدارت ان کے دفتر میں منعقد ہوا، اجلاس میں آل پارٹیز کیچ، انجمن تاجران تربت، تربت سول سوسائٹی، کیچ بار ایسوسی ایشن، تربت پریس کلب، میونسپل کارپوریشن تربت کے نمائندوں سمیت اسسٹنٹ

بقیہ نمبر18 صفحہ 5 پر

کمشنر تربت محمد جان بلوچ نے بھی شرکت کی، اجلاس میں ایس ایس پی زوہیب محسن بلوچ نے کہا کہ کیچ کو اس وقت سب سے بڑے مسئلے یعنی امن وامان کی صورتحال کا سامنا ہے، اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک صفحے پر ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ قتل و غارت گری، چوری اور ڈکیتی جیسی وارداتوں کا خاتمہ صرف پولیس کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کو اپنی ذمہ داری ادا کرنا ہوگی، انہوں نے کہا کہ موٹر سائیکلوں کی پروفائلنگ اور رجسٹریشن کا عمل کا بھی جاری ہے جو 15 جولائی تک جاری رہے گا اس اقدام کا مقصد چوری و ڈکیتی کی وارداتوں کا تدارک کرنا ہے، اجلاس کے دوران شہر میں ٹریفک کے نظام کی بہتری پر بھی غور وخوض کیا گیا اور بعض اہم شاہراہوں کو ون وے قرار دینے کے منصوبے پر بریفنگ دی گئی، اس موقع پر شرکاء نے موٹر سائیکل رجسٹریشن و پروفائلنگ کے طریقہ کار پر اپنی آراء پیش کیں اور عمل درآمد کے لیے تجاویز دیں، اجلاس میں منشیات کے خاتمے پر عزم کا اظہار کیا گیا اور پولیس کے ساتھ تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی گئی، شرکاء نے شہر میں بڑھتے جرائم، چوری اور رہزنی کے خلاف سخت اقدامات پر زور دیا اور پولیس کے ساتھ قریبی روابط رکھنے پر آمادگی ظاہر کی، اجلاس میں تجاوزات کے خلاف اقدامات، ٹریفک کے نظم و ضبط اور دیگر شہری مسائل پر بھی گفتگو ہوئی، اجلاس کے اختتام پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ شہر کے مسائل، امن وامان اور انتظامی امور پر ہر ماہ اسٹیک ہولڈرز کا اجلاس منعقد کیا جائے گا، تمام شرکاء نے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا اور معاشرتی ہم آہنگی اور تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا، شہریوں، دکانداروں، وکلا، صحافیوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے کہا کہ وہ جرائم کے خلاف ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔

## بچوں کیلئے حفاظتی ٹیکہ جات نہایت ضروری ہیں، ڈی سی کوئٹہ

### کامیاب مہم پر کوئٹہ کے عوام اور تمام فیلڈ ٹیموں کا شکریہ ادا کرتے ہیں

کوئٹہ (ن ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیر صدارت بگ کیچ اپ اور پوسٹ کمپین کے حوالے سے ایک جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈپٹی ڈی ایچ او، پولیو ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر اور پی پی آفیسر نے شرکت کی۔ اجلاس میں بگ کیچ اپ کمپین پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس میں بتایا گیا کہ کوئٹہ میں پہلی بار اس کمپین کو نمایاں کامیابی حاصل ہوئی۔ 40 ہزار

بقیہ نمبر14 صفحہ 5 پر

سے زائد بچوں کو خسرے سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے لگائے گئے، جس کا مجموعی نتائج 65 فیصد رہے، جو کہ ایک اہم سنگ میل ہے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کامیاب مہم پر کوئٹہ کی عوام اور تمام فیلڈ ٹیمز کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے بھرپور تعاون کیا۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کو جان لیوا بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی ٹیکہ جات نہایت ضروری ہیں۔ واضح رہے کہ یہ کمپین ہر ماہ جاری رہے گی، جس میں محکمہ صحت کی ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو خسرہ، کالی کھانسی، دست، ٹائیفائیڈ، ٹی بی اور ہیپاٹائٹس جیسی مہلک بیماریوں سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے لگائیں گی۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.____

Dated: 01 JUL 2025 Page No.____

# 18ویں آئینی ترمیم کسی صورت ختم نہیں ہونے دینگے، مولانا واسع

## این ایف سی ایوارڈ فوری لایا جائے

### مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے خلاف عدالت سے رجوع کرینگے، پریس کانفرنس، زابد ریکی کی رکنیت معطل کرنے کا اعلان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کو اندھیرے میں رکھ کر بلوچستان اسمبلی سے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ منظور کرایا گیا جس کے خلاف عدالت سے رجوع کریں گے کسی صورت 18ویں ترمیم ختم نہیں ہونے دیں گے، این ایف سی ایوارڈ فوری لایا جائے، بلوچستان کے عوام کے حقوق اور صوبے کے وسائل پر سودے بازی نہ کرنے کی پاداش میں 15 سال سے جماعت کو اقتدار سے باہر رکھنے کے لئے ہتھکنڈے استعمال کئے گئے ہیں جن سے مرعوب نہیں ہوں گے، پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی پر رکن صوبائی اسمبلی میر زابد علی ریکی کی پارٹی رکنیت معطل کردی گئی ہے، یہ بات انہوں نے پیر کو جمعیت علماء اسلام کی مجلس شوریٰ کے دو روزہ اجلاس کے بعد اپنی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، ارکان صوبائی اسمبلی حاجی غلام دستگیر بادینی، محمد نواز کبزئی، سابق صوبائی وزیر مولوی غلام سرور موسیٰ خیل، صوبائی جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ، مولوی کمال الدین، دلاور خان کاکڑ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ مولانا عبدالواسع نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے حوالے سے کہا کہ حکمرانوں نے کمیٹی میں ایک ڈرافٹ اور ایوان میں دوسرا ڈرافٹ پیش کرکے منظور کرایا، تمام سیاسی جماعتوں کو اندھیرے میں رکھ کر ایکٹ کو منظور کرایا گیا جس کے خلاف عدالت سے رجوع کرنے کے ساتھ ایوان میں آواز بلند اور سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیکر موثر تحریک چلائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ سے قبل صوبے کا بجٹ کا حجم 85 ارب روپے تھا جمعیت علماء اسلام نے جس فارمولے کی بنیاد پر این ایف سی حاصل کیا جس کے بعد بجٹ 600 ارب تک پہنچ گیا، بلوچستان میں 2002 سے 2013 تک جمعیت علماء اسلام جب حکومتوں میں رہی 2002 تک بلوچستان میں صرف جامعہ بلوچستان تھی پھر 2002 سے لیکر 2013 تک تقریباً 8 جامعات اور 14 سے 15 کیڈٹ کالجز تعمیر کرائے اسکے بعد صوبے میں کوئی میگا پروجیکٹ شروع نہیں کیا گیا، جمعیت علماء اسلام کا بلوچستان میں کلیدی کردار رہا ہے تاریخی این ایف سی ایوارڈ حاصل کرکے بلوچستان کے وسائل میں بھرپور اضافہ کیا۔ ہم نے ریکوڈک سمیت صوبے کے معدنی وسائل پر کبھی سودے بازی نہیں کی جس کی پاداش میں ہمیں گزشتہ 15 سال سے اقتدار سے باہر رکھا گیا ہے اور ہر الیکشن میں ہمارا مینڈیٹ چھینا گیا جس کا واضح ثبوت حالیہ انتخابات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ این ایف سی ایوارڈ لایا جائے، آئین کے مطابق ہر پانچ سال بعد یہ لانا لازمی ہے اس میں صوبوں کے وسائل بڑھتے ہیں گزشتہ کئی سالوں سے این ایف سی ایوارڈ نہ ہونے کی وجہ سے بلوچستان کو نقصان ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری جماعت 2018 اور 2024 کے انتخابات کے نتائج کو پہلے ہی مسترد کرچکی ہے، پی ڈی ایم کی جماعتیں حکومت میں ہیں جبکہ سربراہ پی ڈی ایم اپوزیشن میں ہیں، ہم نے ہمیشہ ملک کے وقار کو ترجیح دی ہے، جب بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا تو مولانا فضل الرحمن نے پوری قوم کی طرف سے پارلیمنٹ میں فوج کو یقین دہانی کرائی کہ عوام ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور دشمن کو منہ توڑ جواب دیا جائے جس کے بعد پاک فوج نے چار گھنٹوں میں بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے اسے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ اجلاس میں جماعت کے رکن صوبائی اسمبلی میر زابد ریکی کی پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی اور اپوزیشن لیڈر کو اعتماد میں لئے بغیر وزیراعلیٰ بلوچستان کو ہار پہنانے پر رکنیت معطل کردی گئی ہے ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ میر زابد علی ریکی کی اسمبلی رکنیت معطل کرنے کا اختیار مرکزی قیادت اور جماعت کے پاس ہے۔

# بلوچستان کا مسئلہ گفت وشنید کے ذریعے حل کیا جائے، افراسیاب خٹک

### حکومت کو مسئلے کے حل کیلئے پر امن ماحول پیدا کرکے مذاکرات کی راہ اپنانا ہوگی، صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے ہائی رہنما اور پارٹی کی مرکزی ریسرچ اینڈ پالیسی کمیٹی کے سربراہ سابق سینیٹر افراسیاب خٹک نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے اسے سیاسی انداز میں گفت وشنید کے ذریعے حل کیا جائے، مسئلے کا حل طاقت نہیں بلکہ طاقت کا استعمال ہی تمام مسائل کی وجہ ہے، غلط پالیسیوں اور اقدامات کی وجہ سے صوبے کے مسائل پہلے سے زیادہ گھمبیر صورت اختیار کرچکے ہیں، بلوچستان کے حالات کو بہتر بنانے کے لئے حکومت کو سیاسی حل کی راہ اور پرامن ماحول پیدا کرکے مذاکرات کی راہ اپنانا ہوگی۔ یہ بات انہوں نے سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی کی جانب سے مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، وکلا نمائندوں اور سینئر صحافیوں کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانہ کے موقع پر سراوان ہاؤس میں سینئر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ افراسیاب خٹک نے کہا کہ میں جب بھی کوئٹہ آیا ہوں یہاں پر لوگوں کی شکایات حکمرانوں اور ارباب اختیار کے حوالے سے ہر بار زیادہ سننے کو ملیں۔ گزشتہ تین سے چار سال کے دوران بلوچستان کے عوام میں ریاست اور حکمرانوں کے حوالے سے بیگانگی بڑھی ہے، مسائل کو حل نہ کرنے کی وجہ سے یہ بیگانگی بڑھتی جارہی ہے، کسی بھی مسئلے کا حل طاقت نہیں بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے اسے سیاسی انداز میں گفت وشنید کے ذریعے حل کیا جائے اور اس کے لئے ریاست کو آگے بڑھنا چاہیے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ ہم نے سیاسی عمل کو تقویت دینے کیلئے عدلیہ پر انحصار کرتے ہوئے انصاف کے اصولوں اور حکومت کی جانب سے کی جانے والی غیر قانونی سازی کے خلاف عدالتوں سے رجوع کرتا ہے، پی ٹی آئی نے اپنے دور حکومت میں جو غلط قانون سازی کی اس کا خمیازہ بھگتنا پڑا اور موجودہ حکومت جو قانون سازی کررہی ہے انہیں بھی اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ ایک اور سوال پر کہا کہ 2014 میں اس وقت کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے مذاکرات کا آغاز کیا تھا تب کئی شخصیات مذاکرات کے لئے تیار ہوئی تھیں لیکن بعد ازاں مزید پیشرفت نہ ہوسکی، جہاں نوجوانوں کو اٹھا کر غائب کیا اور مارا جارہا ہو تو اس صورتحال میں کون مذاکرات کے لئے حامی بھرے گا۔

INTEKHAB QUETTA

# مائنز اینڈ منرلز ایکٹ بلوچستان کے حقوق پر تاریخی ڈاکہ ہے، اسلم رئیسانی

### عدالت سے رجوع کررہے ہیں، ایکٹ کے خلاف سیاسی آئینی وجمہوری مزاحمت کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو بلوچستان کے حقوق پر تاریخی ڈاکہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اس ایکٹ کیخلاف عدالت سے رجوع کررہے ہیں۔ گزشتہ روز سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر

بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر

لشکری خان رئیسانی نے اپنی پریس کانفرنس میں اس بات کا اعلان کیا تھا کہ چیف آف سراوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور رکن صوبائی اسمبلی نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے بھی بلوچستان اسمبلی سے منظور ہونے والے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ 2025 کو عدالت میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس سلسلہ میں جب سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم خان رئیسانی سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا ہے کہ وہ اس سلسلے میں بلوچستان ہائیکورٹ سے رجوع کررہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ بلوچستان کے حقوق پر تاریخی ڈاکہ ہے جس کیخلاف سیاسی، آئینی وجمہوری مزاحمت کریں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.______ Dated: 01 JUL 2025 Page No.______


## بیوروکریسی کو عوامی مسائل کے حل میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے، ہدایت الرحمان

### بدقسمتی سے اکثر سرکاری دفاتر رشوت کے بازار بن گئے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بیوروکریسی کو عوامی مسائل کے حل میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے بدقسمتی سے اکثر سرکاری دفاتر رشوت کے بازار بن گئے ہیں مسائل کے حل کی چابی رشوت بنادی گئی ہے عوامی مسائل کے حل دنیا وآخرت کی کامیابی ترقی اور خوشحالی کے لیے بھی بلخصوص سرکاری بیوروکریسی کے لئے ایمانداری، دیانتداری صالیت وقت کی اہم ضرورت ہے جماعت اسلامی کے ممبران اسمبلی بروقت عوام کے مسائل کے حل کیلئے بقیہ نمبر28 صفحہ 5 پر

تیار ہیں عوامی بیٹھک کے ذریعے نچلی سطح پر چھوٹے بڑے عوامی مسائل حل کرنے کی کوشش کریں گے دوردراز علاقوں کے سائیلین کیساتھ کوئٹہ شہر کے شہری بھی خواہ وہ جماعت اسلامی کے ہوں یا نہ ہوں اپنے جائز مسائل کے حل کیلئے جماعت اسلامی کے عوامی بیٹھک دفتر آسکتے ہیں ۔بڑے قومی اجتماع مسائل کے حل حقوق کے حصول ظلم وجبر،لاقانونیت کے خاتمے کیلئے 25 جولائی اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کریں گے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی دفتر میں عوامی مسائل کے حل کیلئے ''عوامی بیٹھک'' دفتر کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا ۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے مزید کہا کہ واپڈا گیس فون ہسپتال نادرہ سمیت دیگر محکموں کے ستائے ہوئے سائیلین کیلئے ہم نے ''عوامی بیٹھک' دفتر بنالیا معمولی انفرادی جھگڑے بھی قومی قبائلی جھگڑے ودشمنیاں بن جاتی ہے ان کا بروقت دیانت داری سے حل بڑے جانی ومالی نقصانات سے بچاسکتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 JUL 2025 Page No.


## ڈیرہ مراد جمالی: ڈکیتی چوری کی متعدد وارداتیں، تاجر، مسافر لٹ گئے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی وبختیار آباد میں ڈکیتی کی وارداتیں، ڈاکوؤں نے بختیار آباد قومی شاہراہ پر ناکہ لگا کر مسافروں کو لوٹا جبکہ ڈیرہ مراد جمالی میں ڈاکوؤں نے تاجر محمد یوسف سے لاکھوں روپے نقدی اور تین موبائل چھین لیے گھوشوری میں دکان میں نقب لگا کر 80 ہزار روپے نقد اور کھاد کی بوریاں چوری کرلی گئیں لیویز کے مطابق بختیار آباد قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں نے ناکہ لگا کر مسافروں کو لوٹ لیا مسافروں سے ہزاروں روپے نقدی اور قیمتی موبائل فون چھین لیے گئے واقعہ کے خلاف مسافروں نے شاہراہ بلاک کردی مسافروں نے کہا کہ لیویز کی چوکیاں اور ہائی وے پر گشت کے باوجود ناکہ لگا کر مسافروں کو لوٹا گیا انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔

## چاغی: دکان پر فائرنگ سے حجام زخمی

چاغی (آن لائن) تحصیل چاگے بازار میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے حجام کے دکان پر فائرنگ کردی جس سے امتیاز نامی حجام زخمی ہوگیا جبکہ دیگر افراد معجزانہ محفوظ رہے زخمی کو مقامی ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید تحقیقات انتظامیہ کررہی ہے۔

## سریاب روڈ پر نامعلوم افراد نے نادرا آفس زہری کے ملازم کو گولی ماردی

**موسیٰ کالونی ویگن اڈے پر اترتے ہوئے نشانہ بنایا گیا، کیس سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ منتقل**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ موسیٰ کالونی ویگن اڈے کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے نادرا آفس زہری کا ملازم جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق زہری کا رہائشی علی احمد ولد عرض محمد گزشتہ روز اپنے سسرال واقعہ سنگی روڈ نیو بخاری سے واپس زہری جانے کیلئے رکشے میں سوار ہوکر سریاب روڈ موسیٰ کالونی ویگن اڈے پہنچا اور رکشے سے اتر رہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی پولیس نے بتایا کہ مقتول نادرا آفس زہری کا ملازم تھا چیک پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ منتقل کردیا۔

## چاغی: پولیس اور مسلح افراد میں فائرنگ کا تبادلہ، ایک اہلکار زخمی

**پولیس نے تین ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا، ایک ساتھی فرار**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چاغی میں پولیس اور مسلح افراد میں فائرنگ کا تبادلہ ایک اہلکار زخمی ہوگیا پولیس نے تین ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا جبکہ ایک ساتھی فرار ہوگیا پولیس کے مطابق پولیس اہلکار گزشتہ روز معمولی کی گشت کررہے تھے کہ دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار مسلح افراد نے پولیس پر فائرنگ شروع کردی جس کے نتیجے میں ایک اہلکار زخمی ہوگیا دیگر اہلکاروں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد تین ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا جبکہ ایک ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمی کو ہسپتال پہنچایا پولیس فرار ہونے والے ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپے مار رہی ہے۔


INTEKHAB QUETTA


## نوشکی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک خاتون کو قتل کردیا

نوشکی (آن لائن) نوشکی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک خاتون کو قتل کردیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز نوشکی کے علاقے ملک قاضی آباد میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک


بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر


خاتون ہلاک ہوگئی ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے نعش ہسپتال منتقل کردیے گئے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی نوشکی پولیس کررہی ہے۔

## حب جام کالونی کے قریب ایک شخص کی نعش ملی، شناخت نہ ہوسکی

حب (نمائندہ انتخاب) حب سے ایک شخص کی نعش برآمد شناخت کیلئے حب اسپتال منتقل کردیا گیا ایدھی ریسکیو ذرائع کے مطابق پیر کے روز حب جام کالونی ٹویوٹا شوروم کے قریب سے 55 سالہ ایک شخص کی نعش برآمد کر کے شناخت کیلئے حب اسپتال منتقل کردیا گیا تاہم شناخت نہ ہونے کے سبب ایدھی سرد خانہ سہراب گوٹھ کراچی منتقل کردیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No ______ Dated: 01 JUL 2025 Page No. ______


## بجلی کی عدم فراہمی پر جوائنٹ روڈ ریلوے سوسائٹی کے مکین سراپا احتجاج

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بجلی کی عدم فراہمی جوائنٹ روڈ ریلوے سوسائٹی کے مکین سراپا احتجاج ٹائر جلا کر روڈ بلاک کر دیا تفصیلات کے مطابق ریلوے سوسائٹی جوائنٹ روڈ کے مکینوں نے بجلی کی عدم فراہمی کے خلاف گزشتہ روز احتجاج کرتے ہوئے جوائنٹ روڈ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بلاک کر دیا مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے علاقے کے سماجی رہنما عطا محمد کاکڑ نے کہا کہ علاقے میں آٹھ سے دس گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کی جا رہی ہے جس کے باعث معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں باقاعدگی سے بل جمع کرانے والے علاقوں کو بجلی کی عدم فراہمی سمجھ سے بالاتر ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ فی الفور مذکورہ علاقے میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ ختم کیا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 JUL 2025 Page No.

# سانحہ سوات، غفلت برتنے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لانا حکومت کی ذمہ داری!

پاکستان میں سیاحت اہم ترین شعبہ ہے۔ بلوچستان، کے پی کے، کشمیر، گلگت بلتستان سمیت دیگر صوبوں میں جنت نظیر مقامات ہیں، سیاحتی مقامات پر سرمایہ کاری کے ذریعے سیاحت کے شعبے کو فروغ دیا جاسکتا ہے جس میں ملکی اور بیرونی سیاحوں کیلئے تمام تر سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ سیاحتی مقامات کو مزید خوبصورت بنانے کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو سرمایہ کاری پر خصوصی توجہ دینی ہوگی۔ سیاحتی مقامات پر سہولیات کے فقدان کی وجہ سے اکثر سانحات رونما ہوتے ہیں، مری سانحہ کے بعد سوات میں جو کچھ ہوا یہ ناقابل برداشت ہے، اس پر سیاست کی بجائے کوتاہیوں کو دور کرنے کے ساتھ بہترین سہولیات اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے بروقت ریسکیو جیسے انتظامات ضروری ہیں۔ جب صوبائی حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے الرٹ جاری کیا جاتا ہے تو شہریوں کو بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حالات کے پیش نظر ایسی تفریح مقامات کا رخ نہیں کرنا چاہیے جہاں موسمی حالات خراب ہونے سے جانی نقصان کا خدشہ موجود ہو۔ سوات سانحہ کے بعد سوشل میڈیا پر اس واقعے کو مذاق کے طور پر لیتے ہوئے جس طرح کے ویڈیوز بنا کر ویورز بڑھانے کی گھٹیا کوشش کی جارہی ہے یہ شرمناک عمل ہے مہذب معاشروں میں اس طرح کے واقعات پر افسردگی اور متاثرہ خاندان سے ہمدردی کے ساتھ کوتاہیوں کی نشاندہی کی جاتی ہے تاکہ اس طرح کے ہولناک واقعات دوبارہ رونماء نہ ہوں۔ یہ بات اپنی جگہ بالکل بجا ہے کہ کے پی کے حکومت ہر وقت سرکاری مشینری استعمال کرتے ہوئے اسلام آباد پر چڑھائی کے لیے تیار رہتی ہے مگر سوات جیسے اہم تفریحی مقام پر ریسکیو کی بروقت انتظامات اور سیاحوں کیلئے سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے سوئی رہتی ہے جس پر جائز تنقید کی گنجائش موجود ہے جس طرح مری میں لوگوں کے ساتھ رویہ اپنایا گیا تو صوبائی حکومت پر تمام میڈیا نے تنقید کی۔ بہرحال سیاحتی مقامات پر حفاظتی انتظامات سمیت سیاحوں کیلئے تمام تر سہولیات کی ذمہ داری وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی بنتی ہے کوئی بری الزمہ نہیں ہمیں اپنے تفریحی مقامات کی خوبصورتی بڑھانے کے ساتھ سہولیات کیلئے بھی ٹھوس اقدامات اٹھانے چاہئیں تاکہ سیاحوں کو سیر وتفریح کے دوران کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سیاحتی مقامات پر ہوٹل مالکان کو اس بات کا پابند بنایا جائے کہ جب انتظامیہ اور حکومت کی جانب سے ہنگامی الرٹ جاری کیا جاتا ہے، موسم کے پیش نظر سیر وتفریح پر پابندی لگائی جاتی ہے، تو انہیں اپنے ہوٹل بند کردینے چاہئیں، اپنے کاروبار کے لیے انسانی جانوں کے ساتھ کھیلنا مجرمانہ عمل ہے، جس پر سخت کارروائی ہوٹل مالکان کے خلاف بھی ہونی چاہیے۔ اب بیانات سے آگے قانونی چارہ جوئی کرکے غفلت برتنے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لاکر سوات سانحہ کے متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے تاکہ آئندہ اس طرح کی غفلت کا مظاہرہ نہ ہوسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. Dated: 01 JUL 2025 Page No.

# منشیات سنگین مسئلہ اور نوجوان نسل کے مستقبل کی تباہی کا باعث!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ منشیات اس وقت ایک بڑا سنگین مسئلہ بن چکا ہے اس کا بڑھتا ہوا استعمال نوجوان نسل کی تباہی کا باعث بن رہا ہے۔ کیونکہ افسوس کی بات یہ ہے کہ اس خطرناک کھیل کو روکنے کے لیے خاطر خواہ اقدامات کا فقدان ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ ادارے اپنے فرائض صحیح طریقے سے انجام نہیں پا رہے جس کے باعث منشیات کا ناسور روز بروز بڑھ رہا ہے اور اس سے سب سے زیادہ متاثر نوجوان نسل ہو رہی ہے جو کہ ان اداروں کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ کیونکہ نوجوانوں ہی نے مستقبل میں ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے اگر ان کو اس لت پر لگا دیا گیا تو اس سے نہ صرف ان کا بلکہ ملک کا مستقبل بھی تاریک ہو جائے گا۔

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے انسداد منشیات کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں واضح کیا ہے کہ منشیات ایک سنگین سماجی مسئلہ ہے۔ جو خصوصاً نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ کر دیتا ہے۔ اس ناسور کے خلاف ہر سطح پر اجتماعی شعور اور عملی اقدام کی ضرورت ہے۔ منشیات صرف ایک فرد نہیں بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کو متاثر کرتی ہے۔ ہمیں نوجوانوں کو تعلیم، کھیل اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کر کے انہیں اس تباہ کن راستے سے بچانا ہوگا۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے والدین، اساتذہ، علمائے کرام، سماجی رہنماؤں اور میڈیا کے نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے معاشرے میں منشیات کے خلاف آگاہی مہم چلائیں اور نوجوانوں کو ایک محفوظ، صحت مند اور روشن مستقبل کی طرف رہنمائی کریں۔ نوجوان نسل ہمارے مستقبل کے معمار ہیں۔ ہمارے صوبے اور ملک کی بھاگ دوڑ آئندہ ان کے ہاتھوں میں ہوگا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کا منشیات کے حوالے سے مذکورہ بیان نوجوانوں کے لیے ایک آگاہی اور اس سے ہونیوالی تباہی کے بارے بتانا ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوان نسل کو منشیات جیسے ناسور سے دور رہنا چاہیے کیونکہ اس سے نہ صرف ان کی بلکہ پورے خاندان اور پھر معاشرے کی تباہی ہے اس سے ان کا مستقبل تاریک ہو جائے گا اور وہ کسی بھی کام کے نہیں رہیں گے۔ اس سلسلے میں انسداد منشیات کے متعلقہ اداروں کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے اس ناسور کو ختم کرنے کے لیے احسن اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ ان کو اس سلسلے میں عملی اور ٹھوس اقدامات کرنے چاہئیں کیونکہ صرف حاضری لگانے یا خانہ پری سے یہ گھمبیر مسئلہ حل نہیں ہوگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated 01 JUL 2025

Page No.

# Unaddressed poverty

The mere mention of Balochistan often conjures images of vast, arid landscapes, punctuated by discussions of poverty and backwardness. This persistent association is particularly jarring given that Balochistan is Pakistan's largest province by area and is abundantly rich in natural resources, including gas, coal, and minerals. The stark reality that 11 out of the 20 poorest districts in Pakistan hail from this mineral-rich, yet least populated, province is not just surprising; it is a profound indictment of decades of neglect. The list of Balochistan's most impoverished districts Sherani, Kohlu, Jhal Magsi, Barkhan, Killa Abdullah, Zhob, Musakhel, Dera Bugti, Jaffarabad, Ziarat, and Killa Saifullah paints a grim picture. These are not isolated pockets of deprivation but a significant cluster, highlighting a systemic failure. A primary reason behind this pervasive poverty and underdevelopment is undeniably the consistent lack of focused attention from successive provincial and federal governments. Development plans, if any, have often remained on paper or have been implemented at a snail's pace, failing to make a tangible difference in the lives of the local populace. Awaran district serves as a poignant example of this neglect. Despite not being on the official list of the 20 poorest districts, its dire conditions are well-documented. Compounded by a persistent insurgency, Awaran's development has been tragically sidelined. Recognizing the gravity of the situation, the Ministry of Planning, Development and Special Initiatives launched a commendable five-year (2022-27) project. Priced at Rs40 billion, this initiative targets the 20 poorest districts across Pakistan, identified through the Multidimensional Poverty Index (MPI). While the inclusion of 11 Balochistan districts, alongside others from Sindh, Khyber-Pakhtunkhwa, and Punjab, demonstrates a national recognition of the issue, the pace of implementation remains a critical concern. To genuinely alleviate poverty and reverse the tide of backwardness in Balochistan, a multi-pronged and accelerated approach is essential. Governments, at both federal and provincial levels, must expedite the release of allocated funds. Crucially, strict oversight is needed to ensure these funds are spent purely on merit, preventing leakages and ensuring they reach the intended beneficiaries and projects. Experts rightly advocate for a holistic uplift strategy that includes physical connectivity (roads, infrastructure), reliable power supply, robust digital connectivity, and support for productive sectors of livelihood. It's time to move beyond rhetoric and implement concrete actions that empower the people of Balochistan, enabling them to harness their province's vast resources and secure a future free from the shackles of poverty and neglect. Only then can Balochistan shed the unwelcome epithets and claim its rightful place as a prosperous and developed region of Pakistan.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No.______ Dated: 01 JUL 2025 Page No.______

# ''میرا خوشحال بلوچستان''

خوشحال بلوچستان پروگرام کے تحت صوبہ بھر میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا جاچکا ہے۔مقصد صرف مستحکم بلوچستان ہے،آج ویژن بلوچستان 2030ء کی بنیاد پر صوبے پر نظر دوڑائی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ واقعی بلوچستان ترقی کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔اس پروگرام کے تحت کیمونی کیشن انفراسٹرکچر،ڈیموں کی تعمیر،پانی کی قلت کو دور کرنے سمیت دیگر منصوبوں پر کام جاری ہے۔بلوچستان کا آئندہ مالی سال کے لیے 1028 ارب روپے حجم کا بجٹ پیش کیا گیا ہے،جس میں ترقیاتی پروگراموں کے 240 رب روپے مختص کیے گئے،بلوچستان مالی سال 2025-26 کا بجٹ صوبے کی سیاسی،معاشی اور سماجی صورتحال کے تناظر میں ایک اہم پیش رفت کی حیثیت رکھتا ہے۔موجودہ بجٹ کا حجم گذشتہ برسوں کے مقابلے میں زیادہ ہے۔جس میں تعلیم،صحت اور روزگار اہم ترجیحات ہیں۔صوبائی اسمبلی پوسٹ بجٹ اجلاس سے خطاب ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ بجٹ میں بلوچستان کے عوام کی فلاح وبہبود کے لیے منصوبے رکھے گئے ہیں،صوبے کی ترقی و خوشحالی ہماری اولین ترجیح ہے۔عوام کے سہولیات کے لیے دن رات کام کررہے ہیں۔کئی سالوں سے غیر فعال صحت کے مراکز کو بحال کیا،ایک سال میں محکمہ تعلیم میں سولہ ہزار بھرتیاں کیں،تین ہزار سے زائد بند اسکولوں کو کھولا گیا۔بلوچ نوجوانوں کی تعلیم اور روزگار کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔بلوچستان میں پیپلز ائیر ایمبولینس سروس شروع کی جاری ہے جبکہ سیلاب متاثرین کے لیے 8 ہزار مکانات کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے،جلد چابیاں دی جارہی ہیں۔سریاب تا کچلاک پیپلز ٹرین سروس کا آغاز کیا جارہا ہے۔چاغی میں انڈسٹریل اسٹیٹ بنایا جارہا ہے،اس علاوہ صوبے میں نکلنے والی گیس کے لیے کھاد فیکٹری لگائی جارہی ہے۔دوسری طرف عالمی بینک نے پاکستان کے لیے اہم مالی تعاون کی منظوری دیدی،جس کے تحت 19 کروڑ 40 لاکھ ڈالر کی رقم بلوچستان میں جاری ترقیاتی



افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

naseemulhaqnuhz@gmail.com
facebook.com/naseemulhaqzahidi

منصوبوں پر خرچ کی جائے گی۔جو نہ صرف صوبے کے بنیادی مسائل کے حل میں مددگار ثابت ہوگی،بلکہ مقامی سطح پر معیشت اور روزگار کے مواقع کو فروغ دینے کا باعث بنے گی۔یہ رقم بلوچستان میں دو اہم نوعیت کے منصوبوں پر خرچ کی جائے گی۔پہلا منصوبہ تعلیم کے شعبے سے متعلق ہے،جس کا بنیادی مقصد بچوں کو معیاری اور موثر تعلیمی مواقع کی فراہمی ہے اور دوسرا منصوبہ بلوچستان کی پانی ضروریات سے جڑا ہوا ہے،جس کے تحت واٹر سیکیورٹی کے اقدامات کو موثر بنانے اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات کا مقابلہ کرنے کی کوشش کی جائے گی۔بلاشبہ یہ منصوبے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی میں کلیدی اہمیت کے حامل ہونگے،ان منصوبوں کا مقصد بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں تعلیمی خلا کو پر کرنا ہے،کیونکہ تعلیم ایک ایسا شعبہ ہے جو طویل المدتی ترقی کی بنیاد فراہم کرتا ہے اور جب تعلیمی معیار بہتر ہوگا تو معاشی حالت میں بھی بہتری آئے گی۔بلوچستان واٹر سیکیورٹی پراجیکٹ صوبے کو خشک سالی،پانی کی کمی اور موسمیاتی تبدیلی کے دیگر منفی اثرات سے محفوظ بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔یہ منصوبہ صرف پانی کے ذخیرے یا ترسیل تک محدود نہیں بلکہ اس میں واٹر مینجمنٹ،شین ایبل ایگریکلچر اور مقامی آبادی کی تربیت جیسے عناصر شامل ہونگے۔واضح رہے کہ جب بلوچستان جیسے خطوں میں ایک ساتھ انسانی ترقی،انفرااسٹرکچر اور قدرتی وسائل پر کام کیا جاتا ہے تو اس کے نتیجے میں لوگوں کو روزگار ملتا ہے،معیشت بہتر اور غربت کم ہوتی ہے۔اس وقت ریاست صوبہ بلوچستان میں تعلیم،صحت،سڑکوں اور پلوں کی تعمیر اور تجارت پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔نوجوانوں کو جدید مہارتوں،معیاری تعلیم اور اندرون اور بیرون ممالک میں روزگار کے مواقع فراہم کرکے ان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو ملک وقوم کے مفاد میں بروئے کار لایا جارہا ہے۔حکومت پاکستان کی طرف سے بلوچستان کے غریب طالب علموں کی سپورٹ کرنے کے لیے 2013ء میں ''بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ''(BEEF) کا قیام عمل میں لایا گیا۔جو کہ ضرورت مند طلبہ وطالبات کو پارشلی فنڈڈ اور فلی فنڈڈ وظائف فراہم کرتی ہے،بیف کے چیف ایگزیکٹو آفیسر زکریا خان نورزئی کے مطابق ''بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ کی جانب سے فروری 2024 سے لیکر فروری 2025ء تک جماعت نہم سے لیکر ایم فل کرنیوالے طلباء وطالبات کو 32 ہزار 550 اسکالرشپ دی گئیں جن کی کل لاگت 2-66 بلین روپے ہیں۔رواں سال 2025ء میں ''بلوچستان انڈومنٹ فنڈ'' کے تحت بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کے ہونہار طلبہ وطالبات کے لیے فلی فنڈڈ اسکالرشپ پروگرام کا اعلان کیا گیا۔جس کا مقصد طلباء کو قومی وبین الاقوامی سطح پر اعلیٰ کے مواقع فراہم کرنا اور انہیں تعلیمی میدان میں آگے بڑھنے کے لیے معاونت فراہم کرنا ہے۔اس اسکالرشپ پروگرام میں 2025 کے تعلیمی سال کے لیے 11 منتخب اضلاع کے 100 طلباء کو فلی فنڈڈ اسکالرشپ فراہم کی جائے گی جن میں ضلع شیرانی،ضلع کوہلو،ضلع جھل مگسی،ضلع آواران،ضلع بارکھان،ضلع قلعہ عبداللہ،ضلع،واشک،ضلع ژوب،ضلع موسیٰ خیل،ضلع ڈیرہ بگٹی،ضلع جعفر آباد شامل ہیں۔بیف نے 2024ء کی پالیسی کے تحت بلوچستان کے طلبا وطالبات میں فنی مہارتوں کے فروغ اور تکنیکی تعلیم کے میدان میں دلچسپی بڑھانے کے لیے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ (DAE) میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کو مالی معاونت فراہم کیں۔اس اسکیم کے تحت 501 مستحق طلبہ وطالبات میں [illegible] روپے کی رقم اسکالرشپ کی مد میں تقسیم کی گئیں۔مزید برآں،اسپیشل کوٹہ کے تحت صوبہ بلوچستان کے یتیم،معذور،اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے اور دیگر مستحق طلباء وطالبات کے لیے 51 نشستیں مختص کی گئیں تاکہ کوئی بھی باصلاحیت طالب علم تعلیمی مواقع سے محروم نہ رہ جائے،ریاست اس وقت بلوچستان میں شعبہ ''تعلیم'' پر خصوصی توجہ دے رہی کیونکہ تعلیم ہی تمام مسائل کا حل ہے دہشت گردی کا خاتمہ تعلیم کے ذریعے ہی کیا جاسکتا ہے۔اور فتنہ الہندوستان کے ایجنٹ بلوچستان کے دشمن نہیں چاہتے کہ بلوچ نوجوان تعلیم حاصل کریں کیونکہ اس طرح ان کا ریاست مخالف من گھڑت بیانیہ زمین بوس ہوجائے گا،اسی لیے وہ بلوچ نوجوانوں کے ہاتھوں سے قلم اور کتابیں چھین کر ہتھیار تھمار ہے ہیں۔طلعت عزیز جیسے پڑھے لکھے باصلاحیت نوجوانوں سے انہیں دہشت گرد،قاتل،مفرور،بھتہ خور اور اسمگلر بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔مگر تعلیم یافتہ نوجوان نسل اب ان کالعدم تنظیموں کی اصلیت اور حقیقت کو جان چکی ہے۔دشمن ناکام ہوچکا ہے اور میرا بلوچستان خوشحالی کی راہ پر گامزن۔

☆☆☆☆

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. Dated: 01 JUL 2025 Page No.



ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بلوچستان غلام سرور بروہی، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران سے ملاقات کررہے ہیں، کمشنر وفاقی محتسب بلوچستان سرور جاوید بھی موجود ہیں



ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بلوچستان غلام سرور بروہی محکمہ تعلقات عامہ کے دورے کے موقع پر مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران بھی موجود ہیں

## Baakhabar Quetta



ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بلوچستان غلام سرور بروہی ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد کھیتران کو وفاقی محتسب سال 2024 کی سالانہ رپورٹ پیش کررہے ہیں




ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بلوچستان غلام سرور بروہی ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران سے ملاقات کررہے ہیں



ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بلوچستان غلام سرور بروہی ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ کے دورے کے موقع پر مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں

## Balochistan News Quetta



ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی ڈی جی تعلقات عامہ نور کھیتران کو سالانہ رپورٹ پیش کررہے ہیں



ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی محکمہ تعلقات عامہ کے دورے کے موقع پر مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں، ڈائریکٹر جنرل محمد نور کھیتران بھی موجود ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 01 JUL 2025 Page No. ______



ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بلوچستان غلام سرور باروی ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران سے ملاقات کررہے ہیں کمشنر وفاقی محتسب بلوچستان سردار چاولہ بھی موجود ہیں۔

QUDRAT QUETTA



کوئٹہ، ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بلوچستان غلام سرور باروی ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران سے ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ، ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بلوچستان غلام سرور باروی ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران کو وفاقی محتسب کی سالانہ رپورٹ پیش کررہے ہیں